# 72224 ـ کیا جانوروں کوگندم کھلانی جائز ہے ؟

**سوال**

ايك شخص چوپائے ركھنا چاہتا ہے، اور جانوروں كو كھلانے كے ليے اسے گندم كى ضرورت ہو گى تا كہ دودھ اور بعض دوسرى اشياء حاصل كر سكے، تو كيا ايسا كرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

چوپايوں كو گندم كھلانے ميں كوئى شرعى مانع نہيں كھانے والى اشياء ميں اصل اباحت ہى ہے جب تك كہ اس كى ممانعت ميں كوئى دليل نہ مل جائے، جيسا كہ اہل علم كے ہاں مقرر كردہ فقہى قواعد ميں معروف ہے.

يہ تو من حيث الاصل ہے، ليكن اگر مواشى اور چوپايوں كو گندم كھلانے ميں كوئى ضرر اور نقصان ہوتا ہو، مثلا يہ كہ لوگوں كو گندم كى ضرورت ہو كيونكہ لوگوں كى اساسى حاجت اور ضرورت گندم ہے، اور مواشي كو كھلانے كے ليے زائد گندم نہ ہو تو اس وقت ضرورت كى بنا پر مواشى كو گندم كھلانى حرام ہو گى، كيونكہ لوگ اس كے زيادہ محتاج ہيں، لہذا مواشى كو كوئى اور چارہ ڈال ديا جائے.

واللہ اعلم .